© rasailojaraid.com



# دارالعلوم کے شب و روز

## مولانا سمیع الحق کا پہلی اسلامک ایشیائی کانفرنس کولمبو میں شرکت

دارالعلوم کے مہتمم حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ ایشیائی ممالک کی پہلی اسلامی کانفرنس (الملتقی الاسلامی الاول لدول آسیا) منعقدہ ۲۶ تا ۲۸ اگست میں شرکت کے لیے کولمبو تشریف لے گئے کانفرنس کا موضوع "المسلمون فی آسیا والتحدیات الخارجیہ" تھا مولانا سمیع الحق نے ایشیائی مسلمانوں کے مسائل قومی وملی سیاسی حالات اور علمی ودینی چیلنجز کا تفصیلی جائزہ پیش کیا اور مختلف ممالک سے آئے ہوئے اہم علمی ودینی شخصیات، سیاسی قائدین، اور عالم اسلام کے مفکرین سے ملاقاتیں کیں اور مختلف موضوعات پر تبادلہ خیال کیا۔ جناب شفیق الدین فاروقی بھی اسی سفر میں آپ کے ہمراہ تھے۔

## سابق وزیر اعظم میاں نواز شریف کی دارالعلوم تشریف آوری

اگست کے دوسرے عشرے میں سابق وزیر اعظم میاں محمد نواز شریف اپنے کئی ایک رفقاء سابق وفاقی وزراء اور مسلم لیگ کے مرکزی عہدیداروں کے ہمراہ دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے دارالعلوم کے مہتمم مولانا سمیع الحق مدظلہ کی معیت میں دارالعلوم کے مختلف شعبہ جات کا معاینہ کیا، دفتر اہتمام، ماہنامہ الحق، ترجمان دین، موتمر المصنفین، ادارۃ العلم والتحقیق، مطبخ دارالحدیث، درسگاہیں جدید تعمیرات، زیر تعمیر ہاسٹلز، دارالحفظ والتجوید، مدرسۃ البنات (جسے فی الحال تاجکستان کے طلبہ کے لیے ہاسٹل بنا دیا گیا ہے) دیکھے تو سابق وزیر اعظم کے منہ سے ہر ہر مرحلہ پر بے اختیار یہ الفاظ نکلتے رہے کہ "یہ تو عظیم اسلامی یونیورسٹی ہے"۔

شیخ الحدیث مولانا عبدالحق کے مزار پر حاضری اور فاتحہ پڑھنے کے بعد مولانا سمیع الحق نے انہیں اپنے قیامگاہ پر ضیافت دی اور ملک کی موجودہ سیاسی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا۔

## مولانا محی الدین بنگلہ دیش کی دارالعلوم تشریف آوری

جناب مولانا علامہ محی الدین صاحب جو ہفت روزہ المدینہ کے مدیر، رابطہ عالم اسلامی کے رکن اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جمعیۃ علماء اسلام بنگلہ دیش کے رہنما ہیں دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک تشریف لائے، دارالعلوم کے تمام شعبہ جات کا دورہ کیا ماہنامہ الحق کے شیخ الحدیث مولانا عبدالحق نمبر کو عظیم تاریخی دستاویز قرار دیا۔

مؤتمر المصنفین اور ادارۃ العلم والتحقیق کی مطبوعات کو وقت کی ضرورت، عظیم اشاعتی خدمت اور تاریخی، تحقیقی اور دینی ومذہبی لٹریچر میں اس کے انقلابی اثرات کی تعریف کی، رات کا کھانا مولانا سمیع الحق کے ساتھ کھایا دونوں ملکوں کی علمی ادبی، ثقافتی، اور سیاسی حالات پر تبادلہ خیال کیا۔


# اسلامی سیاست

## اور اس کے انقلابی خدوخال

مولانا عبدالقیوم حقانی کے سحرنگار قلم اور ذوقِ تصنیف کا ایک اور عظیم شاہکار

— جس میں —

○ سیاست کا مفہوم اور اس کے بنیادی خدوخال ○ مروجہ سیاست کی اصلاح اور دینی سیاست اپنانے کی ضرورت ○ دینی سیاسی جماعتوں کا کردار ○ قیادت کا انتخاب اور فرائض ○ نظامِ تعلیم، سیاست کی خشتِ اول ○ مغربی جمہوریت بمقابلہ نظامِ شریعت ○ اسلام ایک پاکیزہ نظریۂ سیاست اور انقلابی ضابطۂ اخلاق ○ فسطائی سیاست اور اس کا بدترین انجام ○ اسلام کا معاشی نظام ○ سودی نظام اور اس کی مضرتیں ○ فحاشی وعریانی کی یلغار، خوف وہراس کا تسلط، اسباب اور سدباب ○ عالمی سیاست میں فوجی اور دفاعی صلاحیتوں کا استحکام الغرض اسلامی سیاست کے تمام انقلابی خدوخال کو جدید مگر اچھوتے انداز میں نمایاں کیا گیا ہے ○ کئی تحریکوں اور کئی شخصیتوں سے متعلق ایک تاریخی دستاویز، ایک انقلابی تحریر جو سیاست، ادب، صحافت، تاریخ اور نئی نسل کو ولولہ تازہ بخشتی ہے ○ ہر لکھے پڑھے مسلمان اور غلبہ دین کی جدوجہد کرنے والے بہی خواہانِ ملت کیلئے اس کا مطالعہ روشن مستقبل کی ضمانت ہے ○ تین سو سے زائد صفحات عمدہ کتابت شاندار طباعت مضبوط جلد قیمت

### مولانا عبدالقیوم حقانی کی بعض دیگر اہم تصنیفات

○ دفاع امام ابوحنیفہ ○ صحبتے با اہل حق ○ اربابِ علم وکمال اور پیشۂ رزق حلال ○ امام اعظم ابوحنیفہ کے حیرت انگیز واقعات ○ علماء احناف کے حیرت انگیز واقعات (امام ابویوسف امام محمدؒ) ○ مشاہیر کی علمی ومطالعاتی زندگی ○ کشکول معرفت ○ خطبات حقانی ○ امام اعظم کا نظریۂ انقلاب وسیاست ○ کتابت اور تدوین حدیث ○ مؤمن کا مقام ○ ساعتے با اولیاء ○ اسلامی سیاست اور اس کے انقلابی خدوخال ○ شیخ الحدیث مولانا عبدالحق (تذکرہ وسوانح اور سیرت وافکار)۔

اپنے قریبی بک سٹال سے حاصل کیجئے یا پھر براہ راست ہم سے طلب کیجئے

ادارۃ العلم والتحقیق۔ اکوڑہ خٹک ضلع نوشہرہ، سرحد۔ پاکستان


© rasailojaraid.com